بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر 3308 / اے-ایس-آر

مورخہ 17-11-2022

منجانب: سیکرٹری

بجانب: جملہ سربراہان گورنمنٹ / الحاق شدہ کالجز / ہائرسیکنڈری سکولز، ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان: **آن لائن ری ایڈمیشن شیڈول برائے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) سیشن 2024-2022ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ساہیوال بورڈ نے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں ری ایڈمیشن کے لیے درج ذیل شیڈول جاری کر دیا ہے۔ اس سے قبل بھی گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں ری ایڈمیشن کے لیے ساہیوال بورڈ نے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر 134 / اے ایس آر مورخہ 05-09-2022 کی **شق نمبر 12** کے تحت تمام ادارہ جات کو مطلع کر دیا تھا۔ تاہم مزید یاددہانی کے لیے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) کا ری ایڈمیشن شیڈول درج ذیل ہے:

شیڈول	تعلیمی اداروں میں داخلہ کی تاریخ	تعلیمی اداروں میں ری ایڈمیشن، آن لائن رجسٹریشن، بنک میں فیس کا چالان جمع کروانے کی آخری تاریخ اور فیس چالان بمعہ آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ
گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن	18-11-2022	17-12-2022

1- ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/1940 روپے ہے اور واضح رہے کہ اس شیڈول میں کسی بھی فریش طلباء و طالبات کو داخل نہیں کیا جا سکتا۔ گیارہویں جماعت کا نتیجہ مورخہ 17-11-2022 کو شائع ہو چکا ہے۔ گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن نتیجہ کی اشاعت کے بعد **30 ایام** کے اندر اندر کیا جا سکتا ہے، اس طرح ری ایڈمیشن کی آخری تاریخ مورخہ **17-12-2022** بنتی ہے۔

2- یاد رہے کہ مینوئل ریٹرن (Manual Return) قابل قبول نہ ہوگی۔

3- داخلے کے قوانین ساہیوال بورڈ کی طرف سے پہلے سے جاری کردہ آن لائن شیڈول برائے داخلہ / انرولمنٹ نوٹیفکیشن نمبر **134 / اے ایس آر مورخہ 05-09-2022** کے مطابق لاگو ہوں گے۔ جبکہ درستی مضمون کی فیس مبلغ -/2400 روپے اور درستی گروپ کی فیس مبلغ -/2200 روپے مقرر کی گئی ہے۔

4- رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، اصل بنک چالان تاخیر سے جمع کروانے کی صورت میں لیٹ رجسٹریشن ریٹرن جرمانہ پہلے سے جاری کردہ آن لائن شیڈول برائے داخلہ / انرولمنٹ کی **شق نمبر 4** کے مطابق عائد ہوگا۔

نوٹ: ری ایڈمیشن کی آخری تاریخ **17-12-2022** ہے۔ تعلیمی ادارہ جات تمام ضروری کاغذات، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور جمع شدہ آن لائن بنک چالان کی اصل کاپی مورخہ **17-12-2022** تک بورڈ میں جمع کروا سکیں گے۔

ضروری نوٹ: گیارہویں جماعت سیشن 24-2022ء میں رجسٹرڈ ہونے والے تمام مسلم طلباء / طالبات کے لیے ''قرآن مجید بمع ترجمہ'' بطور لازمی مضمون پڑھنا لازمی ہوگا جس کا امتحان انٹر سالانہ 2023ء میں ہوگا۔ غیر مسلم اُمیدواران ''ترجمہ قرآن مجید'' کے متبادل ''اخلاقیات (Ethics)'' اور ''اسلامیات لازمی'' کے متبادل ''مذہبی تعلیم (Religious Education)'' کا امتحان دیں گے۔

(ڈاکٹر رابعہ اختر)
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:-

1- جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میر پور (آزاد جموں و کشمیر بورڈ)
2- جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ
3- جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، ساہیوال (25 کاپیاں برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات)
4- پی-ایس برائے چیئرمین
5- پی-اے برائے سیکرٹری
6- پی-اے برائے کنٹرولر امتحانات
7- ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ساہیوال ڈویژن، ساہیوال
8- جملہ آفیسران بورڈ ہذا
9- سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)